24-09-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

----------------------------------------------------------

1- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ وندے بھارت سلیپر ٹرین، جلد ہی شروع کردی جائے گی۔

2- مہاراشٹرکے وزیراعلیٰ ریاست کے، سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گے جبکہ مغربی بنگال میں، رات بھر کی بارش میں مرنے والوں کی تعداد 10 ہوگئی ہے۔

3- بھارت نے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں پاکستان کی مذمت کی ہے کہ اُس کے سیاسی نظام پر فوج کا غلبہ ہے اور وہاں عوام پر ظلم و زیادتی کی جاتی ہے۔

4- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہNATO ، روس کے کنٹرول والے یوکرین کے علاقے کو واپس حاصل کرنے میں، یوکرین کی مدد کر سکتی ہے۔

5- اور: ایشیا کپ کرکٹ میں آج شام دبئی میں، سپر فور میچ میں، بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Vaishnav Vande Bharat Sleeper

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ دو، وندے بھارت سلیپر ریل گاڑیاں جلد ہی شروع کی جائیں گی۔

کَل نئی دلی میں اشونی ویشنو نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پہلی ٹرین کے کَل پرزوں اور اِسے چلائے جانے کے سبھی تجربات کامیاب رہے ہیں اور امید ہے کہ دوسری ٹرین کے یہ تجربات اگلے مہینے کے وسط میں مکمل ہوجائیں گے۔

انھوں نے کہا کہ اِن دونوں ریل گاڑیوں کا آغاز ایک ساتھ کیا جائے گا۔

S/B Ashwini Vaishnaw

وندے بھارت سلیپر ٹرین، BEMLکمپنی نے تیار کی ہے۔ اِس ٹرین میں ایک ہزار 128 مسافر ایک ساتھ سفر کر سکتے ہیں۔

یہ ٹرین زیادہ سے زیادہ 180کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلائی جا سکے گی جو ملک میں 24 گھنٹے کے اندر اندر آنے اور جانے والی سب سے تیز رفتار ٹرین ہوگی۔

ریلوے کے وزیر نے دیوالی اور چھٹھ تہواروں کے درمیان یکم اکتوبر سے 15 نومبر تک 12 ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا بھی اعلان کیا ہے۔

## Rajnath Morocco Inauguration

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور اُن کے مراقشی ہم منصب عبد الطیف Loudyi نے کل مراقش کے Berrechidمیں ٹاٹا ایڈوانسڈ سسٹمز لمٹیڈ، TASLکے دفاعی مینوفیکچرنگ مرکز کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ اِس افتتاح کو بھارت اور مراقش کے درمیان ارتقا پذیر اسٹریٹجک شراکت داری کیلئے تاریخی لمحہ قرار دیتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ اِس مرکز میں سودیسی طرز پر تیار کردہ پہیوں والے بَکتر بند پلیٹ فارم تیار کیے جائیں گے، جسے TASL اور DRDO نے مشترکہ طور پر ڈیزائن کیا ہے۔ اِس موقع پر وزیر دفاع نے کہا کہ آتم نربھر بھارت کے ویژن میں صرف بھارت کی اپنی ضرورتوں کیلئے ساز و سامان تیار کرنا نہیں ہے بلکہ اُس صلاحیت کو بھی حاصل کرنا ہے، تاکہ بھارت، دنیا کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی اور اعلیٰ معیاری مصنوعات کا ایک قابل اعتبار ذریعہ بن سکے۔

وزارت دفاع نے بتایا کہ اِس معاہدے کے تحتTASL ، یہ گاڑیاں، اگلے مہینے سے رائل Morocconآرمی کو فراہم کرے گی۔

یہ مرکز، دفاعی اعتبار سے سلطنتِ مراقش کا سب سے بڑا اور بھارت کی پرائیویٹ کمپنی کا افریقہ میں اپنی نوعیت کا پہلا مرکز ہوگا۔x

## Shivraj Pulses

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے اترپردیش اور گجرات میں، اہم دالوں اور تلہن کی خرید کو منظوری دے دی ہے۔ کل منعقدہ اعلیٰ سطحی ورچوئل میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب چوہان نے زور دیا کہ سرکاری خرید کا پورا عمل، شفاف، ڈیجیٹل اور کسانوں پر مرکوز ہونا چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ اس پہل سے صرف اصل کسانوں کو فائدہ ملنا چاہیے۔ زراعت کے وزیر نے بچولیوں کے استحصال سے بچانے کی ریاستوں کو ہدایت بھی دی۔ وزیر موصوف نے اترپردیش اور گجرات دونوں ریاستوں کے کسانوں سے اُڑد اور تُور کی مکمل خرید کے ساتھ ساتھ مونگ، تِل، مونگ پھلی کا تیل اور سویابین کی خرید کو بھی منظوری دی ہے، جس کی تخمینہ لاگت 13 ہزار 800 کروڑ روپے ہے۔

زراعت کی وزارت کے مطابق خرید کا پورا عمل، ای-سمردھی اور ای-سمیکتی پورٹلز کے ذریعے ڈیجیٹل طریقے سے انجام دیا جائے گا، جس سے رقومات سیدھے کسانوں کے بینک کھاتوں میں ادا کی جا سکیں گی۔x

## Bihar Congress Meeting

کانگریس ورکنگ کمیٹی، CWCکی میٹنگ آج بہار کے پٹنہ میں واقع پارٹی کے ریاستی صدر دفتر صداقت آشرم میں ہوگی۔ 80 سال سے زائد عرصے کے دوران ایسا پہلی بار ہو رہا ہے، جب کانگریس ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ کا انعقاد پٹنہ میں کیا جا رہا ہے۔ پارٹی کے بہار انچارج کرشنا الّاوَرو نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران بہار اسمبلی انتخابات اور ریزرویشن کی حد بڑھانے سمیت مختلف قومی اور بین الاقوامی معاملات پر تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔ میٹنگ کی صدارت کانگریس کے قومی صدر مَلکارجن کھڑگے کریں گے، جس میں سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی سمیت سینئر پارٹی رہنما شرکت کریں گے۔ آنے والے بہار اسمبلی انتخابات کے تناظر میں اس میٹنگ کو بہار کانگریس کے لیے کافی اہم سمجھا جا رہا ہے۔×

## Seva Parv Semi Conductor Mission

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کے زیر قیادت حکومت، تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرو' میں اِس بات کا ذکر کررہے ہیں کہ کس طرح مودی حکومت، انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کے ذریعے، بھارت کے مستقبل کو تشکیل دے رہی ہے۔x

### Capsule

سیمی کنڈکٹرز جدید الیکٹرونکس کے لیے لازمی ہیں، جو ایک طرح، آلات کے دماغ کا کام کرتے ہیں۔ 2021 میں جب سے اِس مشن کا آغاز ہوا ہے، بھارت نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں سیمی کنڈکٹر کے سفر کو نظریے سے حقیقت میں بدل دیا ہے۔

اِس مہینے نئی دلی میں Semicon انڈیا 2025 سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے سیمی کنڈکٹر چپس کو ڈجیٹل ڈائمنڈس قرار دیا۔

## PM Semiconductor

انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کی بنیاد پر 76 ہزار کروڑ روپے کی لاگت والا سیمی کون انڈیا پروگرام چلایا جا رہا ہے، جس کے تحت سیمی کنڈکٹر اور ڈِسپلے تیار کرنے والی کمپنیوں کو 50 فیصد مدد کی پیشکش کی جاتی ہے۔

ڈیزائن سے مربوط ترغیبی اسکیم کے ذریعے 280 سے زیادہ تعلیمی اداروں اور 70 سے زیادہ اسٹارٹ اپس کو اِس اسکیم میں شامل کیا گیا ہے جبکہ SPECS اسکیم کے تحت الیکٹرونک کَل پرزے تیار کرنے والی کمپنیوں کو 25فیصد مدد دی جاتی ہے۔

بھارت کے سیمی کنڈکٹر کے سفر میں سیمی کون انڈیا 2025 ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے، جس میں الیکٹرونکس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے وزیراعظم مودی کو بھارت میں بنائے گئے چپس کا پہلا سیٹ پیش کیا۔

اِن اقدامات سے ایک خود کفیل سیمی کنڈکٹر صنعت کی تعمیر کی جانب ملک کی لگاتار ترقی کا اظہار ہوتا ہے۔x

نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

GST Reforms Healthcare

اگلے دور کی GST اصلاحات سے، بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم کا اظہار ہوتا ہے اب لوگ GST اصلاحات کا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں، جن پر اِس مہینے کی 22 تاریخ سے عمل شروع ہو گیا ہے۔ نئے نظام کے تحت GST کونسل نے پانچ، بارہ، اٹھارہ اور اٹھائیس فیصد کے، پہلے والے چار زمروں کے نظام کو، پانچ اور اٹھارہ فیصد کے دو زمروں والے نظام میں تبدیل کر دیا ہے۔

بہت سی اشیا اور خدمات پر عائد ٹیکس کی شرحوں میں کمی کیے جانے سے شہریوں کو، خاطر خواہ راحت ملی ہے۔x

ایک رپورٹ:

Rohan / Drishti

عام آدمی کو راحت فراہم کرتے ہوئے حفظانِ صحت کے شعبے میں، ٹیکس شرحوں میں کافی زیادہ کٹوتی کردی گئی ہے۔ صحت اور زندگی بیمہ پریمئم پر عائد GST کی شرحیں جو پہلے اٹھارہ فیصد تھیں، اب اِس پریمئم کو ٹیکس سے پوری طرح مستثنیٰ کردیا گیا ہے۔ امید ہے کہ اِس قدم سے صحت بیمہ کرانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور اوسط درجے کے کنبوں کے لیے، طبی اخراجات کم ہوجائیں گے۔ حکومت نے زندگی بچانے والی 33 دواؤں پر بھی ٹیکس ختم کردیا ہے۔

حفظانِ صحت کے شعبے میں یہ اصلاحات، مزید صحت مند بھارت کی جانب ایک اہم فیصلہ ہے۔

درشٹی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....

National Film Award

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل نئی دلّی میں منعقد عظیم الشان تقریب کے دوران سال 2023 کے 71 ویں قومی فلم ایوارڈز عطا کیے۔ اس موقعے پر سنیما کے شعبے میں گراں قدر تعاون کا اعتراف کرتے ہوئے آزمودہ کار اداکار، ہدایت کار اور فلمساز موہن لال کو باوقار دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ بہترین فیچر فلم کا ایوارڈ ہندی فلم 12 th Failکو دیا گیا، جبکہ بہترین ہندی فیچر فلم کا ایوارڈ ہندی فلم Kathal A Jackfruit Mystery کو ملا۔

بہترین اداکار زمرے میں فلم اداکار شاہ رخ خان کو اُن کی فلم جوان کے لیے، جبکہ اداکار وِکرانت میسی کو 12 th Failکے لیے بہترین اداکار قرار دیا گیا۔ بہترین اداکارہ کا انعام، اداکارہ رانی مکھرجی کو فلم مسز چٹرجی ورسز ناروے کے لیے دیا گیا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## MOU Weather Forcasting

محکمۂ خلا کی تجارتی شاخ نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ اور نیشنل سینٹر فور میڈیم رینج ویدر فورکاسٹنگ کے درمیان کل نئی دلّی میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ اس مفاہمت نامے کا مقصد مشن موسم پروجیکٹ کے تحت دلّی NCR-اور چنئی میں دو ڈائریکٹ براڈ کاسٹ نیٹ ورک اسٹیشنوں کا قیام ہے۔ یہ مجوزہ اسٹیشنز، مختلف بھارتی اور بین الاقوامی ارضیاتی مشاہداتی سیارچوں سے ڈائریکٹ براڈ کاسٹ ڈیٹا حاصل کرنے کی صلاحیت کے حامل ہوں گے۔×

## Maha Rain

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس آج ریاست کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گے اور راحت اور بچاؤ کارروائیوں کا جائزہ لیں گے۔ شدید بارش اور Lower Terna پروجیکٹ سے پانی چھوڑے جانے کے بعدTerna ندی میں شدید طغیانی آ گئی، جس سے ریاست کے لاتور ضلعے کے اوسا تعلقے کا گاؤں شدید طور پر متاثر ہوا ہے۔ کئی گھر پانی میں ڈوب گئے ہیں اور احتیاطی قدم کے طور پر لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ سیلاب کے پانی کی وجہ سے لاتور-شولا پور قومی شاہراہ کو جزوی طور پر بند رکھا گیا تھا۔×

## WB Rain

مغربی بنگال میں، رات بھر ہوئی شدید بارش میں جان گنوانے والوں کی تعداد بڑھ کر 10 ہو گئی ہے۔ راجدھانی کولکاتہ شدید متاثر ہے۔ مغربی بنگال کے مختلف حصوں میں شدید بارش کی وجہ سے معمول کی زندگی ٹھپ ہو کر رہ گئی ہے۔ علاقائی موسمیاتی مرکز کے مطابق کولکاتہ میں پچھلے 39 سال کے دوران محض 6 گھنٹے میں اتنی شدید بارش کبھی نہیں ہوئی۔ دفترِ موسمیات نے آنے والے دنوں میں مزید بارش کی پیشگوئی کی ہے، کیونکہ خلیج بنگال کے شمال مشرقی حصے پر بنی کم دباؤ کی پٹّی وجہ سے بنگال کے جنوبی ضلعوں اور کولکاتہ میں شدید بارش کے حالات بن سکتے ہیں۔×

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے مغربی بنگال، اُڈیشہ اور چھتیس گڑھ کے مختلف مقامات پر اگلے دو دن کے دوران شدید بارش سے متعلق اورینج کلر وارننگ جاری کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، تلنگانہ، وِدربھ اور شمال مشرقی ریاستوں میں آج شدید بارش ہو سکتی ہے۔×

## India Pak UNHRC

بھارت نے، اقوام متحدہ کی، انسانی حقوق کونسل میں پاکستان کی سخت نکتہ چینی کی ہے۔ بھارت نے یہ نکتہ چینی، اِس فورم کو اپنے خلاف، بے بنیاد اور اشتعال انگیز بیانات دینے کے لیے استعمال کرنے پر کی ہے۔

جنیوا میں اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل مشن سے وابستہ Kshitij Tyagi نے، اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 60 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو چاہیے کہ وہ بھارت کے علاقے کو اپنے قبضے میں لینے کی کوشش کرنے کے بجائے اِس علاقے کو خالی کردے اور اپنی معیشت کو بچانے پر توجہ دے، جو آخری سانسیں لے رہی ہے۔

S/B: Kshitij

انھوں نے یہ بات بھی خاص طور سے کہی کہ پاکستان میں ایسا سیاسی نظام جس پر فوج کا غلبہ ہے اور انسانی حقوق کا ریکارڈ، لوگوں کو ستائے جانے سے داغدار ہے۔

جناب تیاگی نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کو دوسرے ملکوں میں بھیجنے، اُن دہشت گردوں کی پُشت پناہی کرنے کے بجائے، جنھیں اقوام متحدہ نے دہشت قرار دیا ہوا ہے اور اپنے ہی لوگوں پر بم باری کرنے سے، کچھ وقت نکالے۔ جناب تیاگی نے یہ بھی کہا کہ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کو چاہیے کہ وہ آفاقی سوچ کی حامل، بامقصد اور غیر جانبدار رہے۔

انھوں نے کونسل میں اجتماعی کوششوں کے لیے بھی کہا جس سے نفاق کے بجائے، اتحاد اور تعمیری سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو۔x

## Trump Ukraine

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یوکرین، نیٹو اور امریکہ کی فوجی مدد سے روس سے اپنی زمین واپس حاصل کر سکتا تھا۔ اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ کِیف، لڑائی لڑنے اور یوکرین کی اپنی اصل حالت کو بحال کرنے کی پوزیشن میں تھا۔ ٹرمپ کے موقف میں یہ تبدیلی یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی سے دوطرفہ ملاقات کے بعد ہوئی ہے۔ زیلنسکی نے جناب ٹرمپ کے موقف میں اس تبدیلی کا خیر مقدم کیا ہے۔ جناب ٹرمپ کے اس بیان نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے دوران یکجا ہوئے کئی یوروپی رہنماؤں اور سفارتکاروں کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ اُن کے نظریات تبدیل ہوئے ہیں، کیونکہ وہ فوجی اور اقتصادی صورتحال کو پوری طرح سمجھنے کی شروعات کر رہے تھے۔ انھوں نے روس کو سنگین معاشی مسائل کا شکار کاغذی شیر قرار دیا۔ ٹرمپ نے جنگ کے میدان میں اپنے چھوٹے سے پڑوسی کو شکست دینے میں ناکام رہنے پر روس کی نکتہ چینی بھی کی۔x

## Trump UNGA

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ فلسطین کو تسلیم کیا جانا، حماس کو انعام دیے جانے کے مترادف ہے۔   اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اپنی پہلی تقریر میں جناب ٹرمپ نے حماس سے

کہا کہ وہ ہر اُس قیدی کو، اسرائیل کو واپس کرے جسے اُس نے یرغمال بنا رکھا ہے، اور ہر اُس یرغمال کا جسدِ خاکی واپس کرے جسے ہلاک کردیا گیا ہے۔

انھوں نے غزہ تنازعے کے بارے میں کہا کہ وہ غزہ میں جنگ بندی کی کوشش میں گہرائی سے سرگرم ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بدقسمتی سے حماس نے، امن قائم کرنے کی معقول کی بار بار پیشکش کو مسترد کردیا ہے۔

V/C: Sakshi

صدر ٹرمپ نے فلسطین کی مملکت کو اقوام متحدہ کے زیادہ تر رکن ممالک کی جانب سے تسلیم کیے جانے کو، دہشت گرد گروپ حماس کو انعام دینے سے تعبیر کیا ہے اور رکن ملکوں کو سات اکتوبر کے وحشیانہ حملوں کو یاد رکھنے کے لیے کہا ہے۔ فرانس اور بیلجئم سمیت 156 ملکوں نے پیر کو فلسطین کی مملکت کو باقاعدہ طور پر تسلیم کیا تھا۔

انھوں نے اقوام متحدہ کی افادیت پر بھی نکتہ چینی کی اور عالمی تنازعات کو ختم کرنے کے لیے کارووائی کرنے پر بھی زور دیا۔ انھوں نے Nato سے وابستہ ملکوں پر الزام لگایا کہ وہ روس سے توانائی خرید کر، روس کی مالی مدد کر رہے ہیں اور یوروپ سے زور دے کر کہا کہ وہ بھی امریکہ کی قیادت والی بندشیں لاگو کریں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ اگر روس امن کے عمل سے انکار کرتا ہے تو اُس پر سخت تر محصول عائد کیا جائے۔

یوکرین جنگ کے بارے میں کہا کہ یہ طوالت اختیار کر گئی ہے اور اس کے بارے میں اندازے غلط ثابت ہوئے ہیں، جناب ٹرمپ نے کہا کہ ایسا امکان تھا کہ یہ جنگ مختصر رہے گی۔ ایران کی طرف سے نیوکلیائی دھمکیوں سے خبردار کرتے ہوئے جناب ٹرمپ نے کہا کہ اُس کے پاس نیوکلیائی ہتھیار، ہرگز نہیں ہونے چاہئیں۔ انھوں نے ایران کو دہشت گردی کا سب سے زیادہ پُشت پناہی کرنے والا ملک قرار دیا۔ انھوں نے اقوام متحدہ کے اثر و رسوخ پر سوال اٹھایا اور اِس کے بیانات کو محض لفاظی قرار دیا۔

ساکشی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبرنامے کے لیے میں...

Cricket Asia Cup

مردوں کے T-20 ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں سُپر فور کے کل کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے سری لنکا کو 5 وکٹ سے ہرا دیا۔ یہ مقابلہ متحدہ عرب امارات کے ابوظبی کے شیخ زائد اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ سری لنکا کی جانب سے دیے گئے 134 رن کے نشانے کے لیے کھیلتے ہوئے پاکستان نے 18 اوور میں 5 وکٹ کے نقصان پر 138 رن بناتے ہوئے یہ میچ جیت لیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی ایشیاء کپ فائنل کے لیے کوالیفائی کرنے کی پاکستان کی امید دوبارہ زندہ ہو گئی ہے۔ ایشیاء کپ میں آج بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق شام 8 بجے سے کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فیصل خان

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے صدر جمہوریہ کے ذریعے نیشنل فلم ایوارڈ عطا کیے جانے کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے: صدر جمہوریہ نے موہن لال کو دادا صاحب پھالکے اور شاہ رخ خان اور رانی مکھرجی کو نیشنل فلم ایوارڈ سے نوازا۔

رونامہ راشٹریہ سہارا کی ایک اہم سرخی ہے: وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور مراقش کے وزیر دفاع نے "ٹاٹا ایڈوانسڈ سسٹمز لمیٹڈ" کے جدید دفاعی پیداوار مرکز کا افتتاح کیا۔ وزیر دفاع نے اس موقع کو دونوں ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی اسٹریٹجک شراکت داری میں ایک تاریخی لمحہ قرار دیا۔

روزنامہ انقلاب نے آیوشمان بھارت اسکیم سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آیوشمان بھارت اسکیم صحت کے شعبے میں انقلابی ثابت ہوئی اور اس کے مستفیدین کے لیے مالی تحفظ اور وقار کو یقینی بنایا گیا ہے۔

اسی اخبار نے اپنے اندرونی صفحہ پر سرخی لگائی ہے: کولکاتہ اور ممبئی کے کئی علاقوں میں موسلا دھار بارش سے عام زندگی درہم برہم، کئی سڑکیں زیر آب، گھروں اور رہائشی علاقوں میں پانی داخل، آمدورفت متاثر، 30 سے زائد پروازیں منسوخ، کرنٹ لگنے سے 7 افراد کی موت۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اپنے صفحۂ اوّل پر ایک نمایاں سرخی لگائی ہے۔ فرانس سمیت 6 یوروپی ممالک نے بھی فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے کا اعلان کیا۔ یہ اعلانات اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس کے دوران کیے گئے۔

اخبارات کی کچھ اہم سرخیاں:

* روس، ایران میں 8 نئے جوہری بجلی گھر تعمیر کرے گا۔

* غزہ اور مغربی کنارے کے درمیان طبّی راہداری دوبارہ کھولی جائے: مغربی ممالک کا مطالبہ۔

* سعودی عرب کے مفتی اعظم، شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ آلِ الشیخ کا انتقال۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ وندے بھارت سلیپر ٹرین، جلد ہی شروع کردی جائے گی۔

2- مہاراشٹرکے وزیراعلیٰ ریاست کے، سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گے جبکہ مغربی بنگال میں، رات بھر کی بارش میں مرنے والوں کی تعداد 10 ہوگئی ہے۔

3- بھارت نے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں پاکستان کی مذمت کی ہے کہ اُس کے سیاسی نظام پر فوج کا غلبہ ہے اور وہاں عوام پر ظلم و زیادتی کی جاتی ہے۔

4- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہNATO ، روس کے کنٹرول والے یوکرین کے علاقے کو واپس حاصل کرنے میں، یوکرین کی مدد کر سکتی ہے۔

5-  اور: ایشیا کپ کرکٹ میں آج شام دبئی میں، سپر فور میچ میں، بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------